سوال

(88) آگے سے گزرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مغرب کی نماز ہورہی تھی۔ سرخ رنگ کا کتا آیا اور جماعت کے آگے سے گزر گیا۔ کیا اس سے نماز تو نہیں ٹوٹی۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

م السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز تو نہیں ٹوٹی۔ سیاہ کتے۔ عورت اور گدھے کے گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے۔ مگر اکثر علماء کے نزدیک اس سے مراد نماز کا بلکل ٹوٹنا نہیں بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ خشوع ٹوٹ جاتا ہے۔ کیونکہ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ نماز کو کوئی شے نہیں توڑتی۔

وباللہ التوفیق

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الصلوۃ، سترہ کا بیان، ج2ص115

محدث فتویٰ